سوال

(77) بلوغت سے پہلے کے نکاح میں خلع

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زیداور ہندہ کی شادی نابالغی میں ان کے ولیوں نے کردی اور قبل خلوت صحیحہ ہندہ نے خلع کرلیا۔ پھر کچھ دنوں کے بعد زیداور ہندہ راضی ہوگئےَ سوال یہ ہے کہ رجعت کافی ہوگی یا نکاح جدید کی ضرورت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رجعت کافی نہیں ہوگی یعنی: بغیر نکاح جدید کے ہندہ زید کے لئے حلال نہیں ہوگی خلع طلاق ہویا فسخ بہر حال موجب بیونونہ ہے اوریہاں توفرقت قبل خلوت صحیح ہوئی ہے جس میں عدت ہوئی ہی نہیں۔ پس یہاں رجعت کا تصور وہم بھی نہیں کیا جاسکتا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔کتاب النکاح

صفحہ نمبر 202

محدث فتویٰ